# عبداللہ شاہ غازی شوگر ملز لمیٹڈ

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ عبداللہ شاہ غازی شوگر ملز لمیٹڈ (" کمپنی ") کا غیر معمولی اجلاس عام 30 جون، 2021ء کو صبح 09:00 بجے ڈائمنڈ بینکوئٹ، پلاٹ نمبر۔ C-36 ایکسٹینشن گلشن حدید، فیز-1، کراچی پر مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

1۔ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ (1)159 کے تحت یکم جون، 2021ء سے شروع ہونے والی تین (03) سال کی مدت کے لئے کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب۔ سبکدوش ہونے والے درج ذیل ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں:

1۔ جناب محمد داؤد، 2۔ جناب یاسر اقبال، 3۔ جناب محمد رشید رانا، 4۔ جناب محمد نواز، 5۔ جناب عاطف بٹ، 6۔ جناب امجد عباس، 7۔ جناب محمد طالب

لاہور:

09 جون، 2021ء

بحکم بورڈ

سلیم عباس

کمپنی سیکریٹری

سیکشن (3)166 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب پر مشتمل حقیقی مواد کا ایک اسٹیٹمنٹ ای او جی ایم کے نوٹس کے ساتھ ممبران کو بھیجا جا رہا ہے۔

1۔ کورونا وائرس عالمی وبا کے سبب ایس ای سی پی کی ہدایات کی روشنی میں ای او جی ایم کمپنی کے حصص یافتگان اور عوام الناس کے تحفظ اور فلاح کے لئے ای او جی ایم کا انعقاد وڈیو لنک کے ذریعے عملی طور پر بھی کیا جائے گا۔ ای او جی ایم میں اسمارٹ فونز/ ٹیبلٹس / کمپیوٹرز کے ذریعے شرکت کی جاسکتی ہے۔ بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کے لئے، ارکان اور انکے پراکسیز سے قابل قبول کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل (دونوں طرف سے) / پاسپورٹ، بورڈ ریزولوشن / پاور آف اٹارنی (کارپوریٹ حصص یافتگان کی صورت میں) کے ساتھ ای میل sleem.magsi@maccagroup.com پر 28 جون، 2021ء تک مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرتے ہوئے خود کو رجسٹرڈ کرائیں۔

| ای میل ایڈریس | سیل نمبر | سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر / فولیو نمبر | سی این آئی سی/ قومی شناختی کارڈ نمبر | ارکان کا نام |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ارکان جو ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ ہوئے ہیں کو کمپنی کی جانب سے کمپنی کے پاس دستیاب ان کے ای میل ایڈریس پر وڈیو لنک فراہم کر دیا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے آغاز سے اس کی کارروائی کی تکمیل تک موجود رہے گی۔

حصص یافتگان ای او جی ایم کے ایجنڈے پر اپنی رائے / مشورے بھیجنا چاہتے ہیں کمپنی کو saleem.magsi@maccagroup.com پر یا واٹس ایپ نمبر 03028407700 پر بھیج سکتے ہیں۔ کمپنی یقین دہانی کراتی ہے کہ حصص یافتگان رائے / مشورے اجلاس کے موقع پر پڑھے جائیں گے اور ان کے جواب کو اجلاس کی توثیق کا حصہ بنایا جائے گا۔

2۔ کمپنی کی حصص منتقلی کتب 23 جون، 2021 تا 30 جون، 2021ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے آزاد شیئرز رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر 22 جون، 2021ء کو اختتام شام (5:00) بجے تک موصول ہونے والی منتقلیاں ای او جی ایم میں شرکت کے استحقاق کیلئے بروقت سمجھی جائے۔

3۔ کوئی بھی فرد ایک ڈائریکٹر کے آفس کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہش مند ہو، چاہے سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا دیگر، کمپنی کو اس کے رجسٹرڈ پتے (یعنی 7/10، A-2، آر کے اسکوائر شاہراہ لیاقت، نیو چالی، کراچی) پر اجلاس کی تاریخ سے چودہ روز قبل مندرجہ ذیل دستاویزات جمع کرائیں گے:

a)۔ اپنا فولیو نمبر / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر / سی ڈی سی شریک نمبر / سب اکاؤنٹ نمبر۔

b) کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ (3)159 کی شرائط میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے اپنے ادارے کا نوٹس۔

c) کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 167 کے تحت فارم 28 پر بطور ڈائریکٹرز کام کرنے کی رضامندی۔

d)۔ ایس آر او 2019(1)1196 بتاریخ 03 اکتوبر، 2019ء کی شرائط میں کمپنی کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کرنے کے لئے اپنے دفتر کے پتے کے ساتھ ایک تفصیلی پروفائل۔

e)۔ کورٹ کے مجاز جیورسڈکشن کی جانب سے مالی ادارے لون کی واپس ادائیگی میں نادہندہ قرار نہ دیے گئے ہوں۔

f)۔ آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کے تقاضے کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے سیکشن 166 کے مطابق طے کئے جائیں گے۔ آزاد ڈائریکٹرز کی حیثیت سے انتخاب میں حصہ لینے والے شخص کو کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے تحت مطلع کردہ اہلیت اور آزادی کے معیار اور اس کے تحت جاری کردہ قواعد وضوابط کا اہل ہونے کی ڈکلریشن جمع کرائے گا۔

g)۔کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) اور نیشنل ٹیکس نمبر کی تصدیق شدہ ایک نقل۔
h)۔ایک حلف نامہ کہ:
وہ کسی بھی قابل اطلاق قانون اور قرارداد (اسٹاک ایکسچینج کی لسٹنگ قرارداد سمیت) کے تحت ڈائریکٹر بننے کے لئے نااہل نہیں ہے۔
وہ سات لسٹڈ کمپنیز سے زائد میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا ہے۔ بشرطیکہ اس حد میں کسی فہرست ہولڈنگ کمپنی کے درج ذیل فہرست ماتحت اداروں میں ڈائریکٹرشپ شامل نہیں ہوگی۔
نہ ہی وہ سیکورٹیز ایکٹ مجریہ 2015ءیا فیوچر مارکیٹ ایکٹ مجریہ 2016ء میں واضح کردہ سیکورٹیز مارکیٹ پر مشتمل بروکریج کے کاروبار میں شامل ہیں اور نہ ہی وہ ایسے شخص کا شریک حیات یا اسپانسر یا ایسے بروکریج ہاؤس کے آفیسر ہے۔
وہ متعلقہ قوانین، کوڈ، میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن آف کمپنی اور اسٹاک ایکسچینج کی لسٹنگ قراردادوں کے تحت اپنی ذمہ داریوں اور اختیارات سے واقف ہے۔
4۔ای او جی ایم میں شرکت اور رائے دہی کا/کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت کرنے اور رائے دہی کیلئے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پروکسی کی تقرری کے دستاویزات اور کارپوریٹ ہستی کی صورت میں پاور آف اٹارنی یا بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد دیگر اتھارٹی (کوئی بھی) جس کے تحت اس پر دستخط کئے گئے ہوں ان تمام دستاویزات کی نوٹری پبلک سے ایک تصدیق شدہ نقل اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر مہر، دستخط اور گواہی کے ساتھ موصول ہو جانے چاہئیں۔
5۔ممبران جنہوں نے اپنے حصص سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) جمع کرادئے ہیں کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے دی گئے ہدایات کی پیروی کرنی ہوگی۔
**الف)۔اجلاس میں شرکت کیلئے:**
i)۔افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر/یا سب اکاؤنٹ ہولڈر/یا فرد کو جن کی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی قراردادوں کے تحت ہوں کو اپنی شناخت کیلئے اپنا اصل سی این آئی سی یا، اصل پاسپورٹ اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔
ii)۔کارپوریٹ ہستی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخطی نمونے (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔
**ب)۔ پراکسی کی تقرری کیلئے:**
i)۔افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر/یا شخص کی جنکی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی قراردادوں کے تحت اپلوڈ ہوں، پروکسی فارم مندرجہ بالا شرائط کے مطابق جمع کروانا ہوگا:
ii)۔پروکسی فارم پر دو اشخاص کی گواہی ہونی چاہئے جس کا نام، پتہ اور سی این آئی سی نمبر فارم میں درج ہوں۔
iii)۔بینیفیشل اونرز اور پروکسی کی سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک ہونا چاہئے۔
iv)۔پروکسی کو اجلاس کے موقع پر اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
v)۔کارپوریٹ ہستی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) پروکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔
6۔پوسٹل بیلٹ کے ذریعے رائے دہی کا حق ارکان کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018ء کے قوانین کے مطابق دیا جائے گا۔
7۔کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے قوانین کے مطابق شہر میں مقیم کل ادا شدہ شیئر کیپٹل کا 10 فیصد کے حامل حصص یافتگان کمپنی سے ای او جی ایم میں شرکت کے لئے وڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی کی مانگ کر سکتے ہیں۔ وڈیو لنک کی سہولت کی ڈیمانڈ شیئر رجسٹرار کو درج بالا پتے پر اجلاس کی تاریخ سے دس (10) روز قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب اسٹینڈرڈ فارم پر موصول ہو جانی چاہئے۔
8۔ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری مطلع کریں۔
**9۔کمپنی کی ویب سائٹ پر مالی گوشواروں اور دیگر معلومات کی دستیابی**
کمپنی نے غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس کی ایک نقل کمپنی کی ویب سائٹ www.asgsml.com پر ڈال دی ہے۔
**کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق اسٹیٹمنٹ**
موجودہ ڈائریکٹرز 30 جون، 2021ء کو سبکدوش ہو رہے ہیں، بالترتیب، بورڈ آف ڈائریکٹر کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے قوانین کے تحت تین سال کی مدت کے لئے سات (7) ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے غیر معمولی اجلاس عام طلب کیا ہے۔
موجودہ ڈائریکٹرز مذکورہ بالا کاروبار میں براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی نہیں رکھتے ہیں علاوہ اس کے کہ کمپنی کے ممبر ہونے کی حیثیت سے ڈائریکٹرز کے انتخاب کے اہل ہیں۔
مندرجہ ذیل آزاد ڈائریکٹرز کو ایکٹ کے سیکشن 159 کی شرائط میں ڈائریکٹرز کی جانب سے منتخب کئے گئے ہیں اور وہ ایکٹ کے سیکشن (2)166 کے تحت دئے گئے معیار پر پورا اترتے ہیں۔
**1۔ جناب محمد رشید رانا**
**2۔ جناب محمد نواز**